https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سابق طالب علم اسامہ نور کو لندن اسکول آف اکونومکس میں ایل ایل ایم کی تعلیم کے لیے شیوننگ اسکالرشپ ملی

New Delhi, September 23, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ قانون (دو ہزار تیئیس بیچ) کے سابق طالب علم، اسامہ نور کو برطانیہ کی حکومت کی جانب سے باوقار 'شیوننگ اسکالرشپ' سے نوازا گیا ہے۔ انھوں نے لندن اسکول آف اکنامکس اینڈ پولیٹیکل سائنس (ایل ایس ای) میں ماسٹر آف لا (ایل ایل۔ایم) کی تعلیم کا آغاز کیا ہے۔

مکمل مالی معاونت کی حامل شیوننگ اسکالرشپ برطانوی حکومت کا ایک نمایاں بین الاقوامی ایوارڈ پروگرام ہے، جس کا مقصد دنیا بھر سے ابھرتے ہوئے نمایاں رہنماؤں کی مدد کرنا ہے تاکہ وہ برطانیہ میں پوسٹ گریجویٹ تعلیم حاصل کر سکیں۔ ایل ایس ای میں داخلہ سے قبل، اسامہ نور نے سپریم کورٹ آف انڈیا میں دو سال تک بطور 'لا کلرک-کم-ریسرچ ایسوسی ایٹ' اپنی خدمات انجام دیں ہیں۔

لندن روانگی سے قبل، اسامہ نور نے شعبہ قانون کے ڈین، پروفیسر (ڈاکٹر) غلام یزدانی سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کے دوران، پروفیسر یزدانی نے انھیں اس باوقار اسکالرشپ کے حصول پر مبارک باد دیتے ہوئے ان کے استقلال اور دلجمعی کی تعریف کی اور یونیورسٹی میں قیام کے دوران ان کی حاضری کے بہترین ریکارڈ اور تعلیمی لگن کو خوشگوار انداز میں یاد کیا۔

جامعہ میں دوران طالب علمی گزارے ہوئے اپنے وقت کے بارے میں بات کرتے ہوئے نور نے کہا،" جامعہ نے مجھے ایک محفوظ ماحول فراہم کیا جس میں میں تعلیم حاصل کر سکا، اپنی صلاحیتوں کو نکھار سکا اور اپنے مستقبل کی راہ متعین کر سکا۔ میں فیکلٹی آف لا اور ان اساتذہ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنھوں نے میری رہنمائی اور میری سرپرستی فرمائی۔ ایل ایس ای میں اپنے سفر کا نیا باب شروع کرنے سے قبل فیکلٹی میں دوبارہ آنا میرے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے"۔

ادارے کی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے، پروفیسر یزدانی نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شیخ الجامعہ، پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر

محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی مسلسل حمایت و سرپرستی اور بصیرت افروز قیادت کا اعتراف کیا اور طلبہ میں تعلیمی فضیلت اور عالمی سطح کے عزائم کو فروغ دینے والا ماحول پیدا کرنے کے لیے ان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔

پروفیسر یزدانی نے کہا کہ فیکلٹی کو اس بات پر بے حد فخر ہے کہ اس کے فارغ التحصیل طلبہ دنیا کی ممتاز اور سرکردہ یونیورسٹیوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ انھوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ نور فیکلٹی آف لا سے چوتھے 'چیوننگ اسکالر' ہیں۔ ان سے قبل ادریس محمد، نبیلہ جمیل اور آفرین قاضی یہ اعزاز حاصل کر چکے ہیں۔ اور وہ مسلسل تین برسوں میں منتخب ہونے والے تیسرے اسکالر ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ سنگِ میل فیکلٹی کے شاندار اور متحرک تعلیمی ماحول کو اجاگر کرتا ہے اور یہ کامیابی نئے آنے والے طلبہ سمیت ابھرتے ہوئے نوجوان وکلا کے لیے باعث تحریک وتشویق ہوگا کہ وہ اپنے کامیاب سینئرز کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے نامور بین الاقوامی یونیورسٹیوں سے اعلیٰ تعلیم حاصل کریں۔ انھوں نے ایل ایس ای میں نور کی تعلیمی کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ